ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (657)

08-12-2021

بہاولپور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی زیر صدارت اقلیتی برادری کے نمائندگان کے ساتھ میٹنگ، سیکیورٹی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، پولیس کی طرف سے اقلیتی برادری کے تمام پروگرامز پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات جاری ہیں، کرسمس کے حوالے سے بھی سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے جائیں گے۔ڈی پی او۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان، انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کے حالیہ واقعہ کے پیش نظر جاری کردہ احکامات کے مطابق ڈی پی او محمد فیصل کامران نے زیر صدارت پولیس لائنز کے کانفرنس ہال میں اقلیتی برادری کے نمائندگان کے ساتھ میٹنگ کی۔جس میں A کیٹگری سینٹ ڈومینک چرچ ماڈل ٹاؤن اے بہاول پور کے انچارج فادر افتخار مون سمیت ضلع بھر سے آئے چرچ ہائے کے نمائندگان نے بھی شرکت کی۔اس موقع پر فادر افتخار مون نے بات کرتے ہوئے کہا کہ انتظامیہ ہمیشہ ہمارے ساتھ ہر ایونٹ پر تعاون کرتی ہے۔جس کے لیے ہم ان کے شکر گزار ہیں۔آئندہ کرسمس 25 دسمبر 2021 کے حوالے سے ہمارے پروگراموں پر ماضی کی طرح سیکیورٹی کے اچھے انتظامات ہونگے اور ہم انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں گے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اقلیتی برادری کے تمام پروگراموں پر فول پروف سیکیورٹی مہیا کی جا رہی ہے۔چرچ ہائے پر اتوار کے روز ہونے والی عبادت کے حوالے سے سیکیورٹی کے بہترین انتظامات کر کے سیکیورٹی پلان ترتیب دیا جاتا ہے۔اسی طریقے سے ضلع میں تمام اقلیتی برادری کے ہونے والے پروگرامز پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے جاتے ہیں۔اور مستقبل میں بھی ایسے ہی انتظامات کیے جائیں گے۔25 دسمبر 2021 کرسمس کے حوالے سے ڈی پی او نے کہا کہ سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کر کے پرامن ماحول فراہم کیا جائے گا تاکہ اپنی عبادت بہترین انداز میں کر سکیں۔بہاولپور پولیس ہمیشہ تمام مذاہب کی عبادت گاہوں پر ڈیوٹی احسن طریقے سے سرانجام دیتی ہے اور ہمیشہ بلاتفریق فرائض کی انجام دہی کرتی رہے گی۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

بہاول پور: ڈی پی او محمد فیصل کامران پولیس لائنز کے کانفرنس ہال میں اقلیتی برادری کے نمائندگان کے ساتھ سیکیورٹی انتظامات پر میٹنگ کرتے ہوئے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ
پریس ریلیز ((658
08-12-2021

بہاول پور() انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں منشیات فروشوں اور پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف 07 روزہ مہم کے دوران بہاول پور پولیس کی کارگزاری، 101 پیشہ ور بھکاریوں کے علاوہ خاتون منشیات فروش سمیت 125 ملزمان گرفتار، 37 کلوگرام سے زائد چرس، 1248 گرام کرسٹل آئس، 25 کلوگرام سے زائد بھنگ، 200 گرام ہیروئن، 2681 لیٹر شراب، 320 لیٹر لہن اور 06 چالو بھٹیاں و آلات کشید برآمد، مقدمات درج۔ ضلعی پولیس کی کارکردگی لائق تحسین ہے۔ اسی طرح مستقبل میں کارروائیاں جاری رہنی چاہیے۔ سماج دشمن عناصر کو معاشرے کے لیے ناسور نہیں بننے دیا جائے گا، انہیں گرفتار کر کے جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچایا جائے گا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران۔

تفصیل کے مطابق آئی جی پنجاب راؤ سردار علی خان کی پیشہ ور بھکاریوں اور منشیات فروشوں کے خلاف 07 روزہ مہم کے تحت بہاول پور پولیس کی کارگزاری، 101 پیشہ ور بھکاریوں کے علاوہ خاتون منشیات فروش سمیت 125 ملزمان گرفتار، 37 کلوگرام سے زائد چرس، 1248 گرام کرسٹل آئس، 25 کلوگرام سے زائد بھنگ، 200 گرام ہیروئن، 2681 لیٹر شراب، 320 لیٹر لہن اور 06 چالو بھٹیاں و کشید آلات برآمد کر لیے۔ ضلعی پولیس نے اس جاری مہم کے تحت بھرپور کارروائیاں کیں۔ پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کارروائیوں کے دوران کل 101 مقدمات درج کر کے ان میں ملوث 101 پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کیا گیا۔ جبکہ منشیات فروشوں کے خلاف کی گئی کارروائیوں کے دوران منشیات کے 59 مقدمات درج کر کے ان میں ملوث 59 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 37 کلو 538 گرام چرس، 1248 گرام کرسٹل آئس، 25 کلو 500 گرام بھنگ اور 200 گرام ہیروئن برآمد ہوئی۔ اسی طرح شراب فروشوں کے خلاف کی گئی کارروائیوں کے دوران 68 مقدمات درج کر کے ان میں ملوث 66 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 2681 لیٹر شراب، 320 لیٹر لہن اور 06 چالو بھٹیاں و کشید آلات شراب برآمد کر لیے۔ ضلعی پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج رجسٹر کر لیے۔ ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ آئی جی پنجاب کی پیشہ ور بھکاریوں اور منشیات فروشوں کی گرفتاری کے حوالے سے 07 روزہ مہم کے تحت ضلعی پولیس کی گئی کارروئیاں لائق تحسین ہیں۔ مستقبل میں اسی طرح کارروائیاں جاری رہنی چاہیے۔ سماج دشمن عناصر کو معاشرے کے لیے ناسور نہیں بننے دیا جائے گا، انہیں گرفتار کر کے جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچایا جائے گا۔

بہاول پور: آئی جی پنجاب ہدایت پر منشیات فروشوں اور پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف 07 روزہ مہم کے دوران بہاول پور پولیس کی کارگزاری، 101 پیشہ ور بھکاریوں کے علاوہ خاتون منشیات فروش سمیت 125 ملزمان گرفتار 37 کلوگرام سے زائد چرس، 1248 گرام کرسٹل آئس، 25 کلوگرام سے زائد بھنگ، 200 گرام ہیروئن، 2681 لیٹر شراب، 320 لیٹر لہن اور 06 چالو بھٹیاں و آلات کشید برآمد، مقدمات درج

جام محمد ساجد
ترجمان پولیس